Department of
Education

GOVERNMENT OF
WESTERN AUSTRALIA

طالب علم کا منفرد شناخت کنندہ

والدین اور نگہداشت کرنیوالوں کے لیے معلومات

آسٹریلین حکومت تقاضا کرتی ہے کہ ہر وہ شخص جو قومی سطح پر تسلیم شدہ ٹریننگ کوالیفیکیشنز کے لیے پڑھ رہا ہو ان کے پاس طالب علم کاایک منفرد شناخت کنندہ Unique Student Identifier (USI) ہو۔

اس میں سکول کےایسے طلباء شامل ہوتے ہیں جو سکول پروگرام کے حصے کے طور پر ووکیشنل ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ (VET) میں داخلہ لیے ہوتے ہیں۔

ایک USI کیا ہوتا ہے؟

ایک USI ایک انفرادی تعلیمی نمبر ہےجو کسی شخص کے پاس عمر بھر کے لیےرہتا ہے۔ ایک USI کسی شخص کے ٹریننگ ریکارڈز اور نتائج تک آن لائین اکاونٹ کے ذریعے ان کو رسائی دیتا ہے جو اسے کنٹرول کرتے ہیں۔
اس کی ضرورت تب پڑتی ہے جب کسی ٹریننگ تنظیم کے ہاں مزید پڑھائی کے لیے داخلہ لے رہے ہوتے ہیں۔

ایک USI کو مفت حاصل کیا جا سکتا ہے اور اس میں تقریباً 5 منٹ لگتے ہیں۔کسی آن لائین USI اکاونٹ تک کسی بھی وقت رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

ایک طالب علم ایک USI کیسے بناتا ہے؟

1. طلباء کو درخواست شروع کرنے سے پہلے ان شناختی فارموں میں سے دو کی ضرورت ہوگی:
    - ڈرائیورز لائسنس
    - میڈی کیئر کارڈ
    - آسٹریلین پاسپورٹ
    - بین الاقوامی طلباء کے لیے ویزا (آسٹریلیا کے علاوہ کسی اور پاسپورٹ کیساتھ)
    - آسٹریلین پیدائش کا سرٹیفیکیٹ، مہربانی کرکے نوٹ کریں کہ پیدائش سرٹیفیکیٹ کے اقتباسات کافی نہیں ہوتے ہیں
    - وراثت کے ذریعے رجسٹریشن کا سرٹیفیکیٹ
    - شہریت کا سرٹیفیکیٹ
    - امیگریشن کارڈ (ImmiCard)

    شناخت کے فارموں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں
    http://www.usi.gov.au/help-centre/proof-of-ID/Pages/proof-of-ID.aspx
    درج کردہ تفصیلات کی ان تفصیلات کیساتھ لازمی مطابقت ہونی چاہیے جو استعمال کردہ شناختی فارم پر دکھائی گئی ہوں۔
    USI بناتے وقت فہرست میں درج شناخت کے کسی فارم کو استعمال کرنے سے، حکومت اس شخص کی پہچان کرنےکے قابل ہوتی ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جاسکے کہ USI اس شخص کے لیےحقیقتاً منفرد ہو۔

2. یہ یقینی بنائیں کہ طالب علم کے رابطے کی تفصیلات تیار ہوں، جیسا کہ ایک ای میل ایڈریس۔
3. USI ویب سائیٹ پرجائیں۔https://www.usi.gov.au/students/get-a-usi
4. ' اپنا USI لینے کے لیے یہاں پر کلک کریں' 'Click here to Get your USI'بٹن پر کلک کریں ، اور پھرہر قدم پر عمل پیرا ہوں۔
5. اگر طالب علم VET تعلیمی سند حاصل کررہا ہے، تو USI لازماً طالب علم کے سکول کو مہیا کرنا ہوگا۔

آپ USI کے بارے میں دیگر زبانوں میں یہاں پر معلومات پا سکتے ہیں
https://www.usi.gov.au/languages.

D23/1256058
June 2023

cc BY
Exclusions may apply